سوال

جناب والا یہ بتائیں کہ اگر کوئی شخص موبائل فون پر میسج کے ذریعہ بیوی کو طلاق دیتا ہے تو کیا یہ طلاق واقع ہو جائیگی یا نہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو فون کے ذریعہ "تجھے طلاق" یا میں نے تجھے طلاق دی" کے الفاظ کہتا ہے تو اس سے ایک طلاق واقع ہو جائیگی، بالکل ایسے ہی جیسے وہ بیوی کی موجودگی میں کہے یا پھر ٹیلی فون استعمال کیے بغیر بیوی کی عدم موجودگی میں کہے تو طلاق ہو جاتی ہے

اور اسی طرح جب وہ موبائل فون پر میسج کرے اور اس میں بیوی کو مخاطب ہو کر کہے کہ اسے طلاق دے دی ہے، یا پھر کسی دوسرے کو مخاطب کر کے کہے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے اور اس میں اس کا مقصد طلاق دینا ہو تو اس سے بھی طلاق واقع ہو جائیگی

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (72291) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

148520